# ایم کیوایم کی سیاست کا مقصد ذاتی مفاد کا حصول نہیں، الطاف حسین

## چرم قربانی کے حصول کے سلسلے میں کراچی اور سندھ کے 19 زونوں میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاسوں سے خطاب

کراچی۔۔۔9، دسمبر 2007ء(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ہماری سیاست کا مقصد ذاتی، خاندانی اور گروہی مفاد کا حصول نہیں بلکہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ اقتدار میں آکر خدمت کرنے کا دعویٰ کرنا دھوکہ ہے اگر خدمت کا جذبہ موجود ہوتو اقتدار کے بغیر بھی عوام کی خدمت کی جاسکتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت چرم قربانی کے حصول کے سلسلے میں فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع کراچی سمیت اندرون سندھ کے 19 شہروں میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاسوں سے بیک وقت خطاب کرتے ہوئے کیا۔جناب الطاف حسین کا یہ خطاب حیدرآباد، نواب شاہ، سکھر، خیرپور، قمبر شہدادکوٹ، دادو، ٹھٹھہ، بدین، میرپورخاص، سانگھڑ اور دیگر شہروں میں بھی سنا گیا۔جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب میں کہا کہ دنیا میں جب بھی انسانوں کا گروہ کوئی کام کرتا ہے تو اس کام کے کرنے کے کچھ اغراض ومقاصد ضرور ہوا کرتے ہیں بغیر اغراض ومقاصد کے کوئی کام نہیں کیا جاتا۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی عوامی خدمت اے پی ایم ایس او کے زمانے سے ہی جاری ہے اور عوامی خدمات کا یہ سلسلہ متحدہ قومی موومنٹ کی تشکیل کے بعد بھی جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ اقتدار میں آکر ضرورتمندوں اور مصیبت زدہ خاندانوں کی امداد کا دعویٰ کرنا عوام سے دھوکہ ہے کیونکہ اگر خدمت کا جذبہ موجود ہوتو اقتدار کے بغیر بھی عوام کی عملی خدمت کی جاسکتی ہے اور ایم کیوایم نے اقتدار میں رہتے ہوئے اور اقتدار کے بغیر بھی دکھی انسانیت کی عملی خدمت کرکے ثابت کردیا ہے کہ ایم کیوایم زبانی جمع خرچ پر یقین نہیں رکھتی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جب سونامی آیا تو ہم نے غیرممالک میں درجنوں غذائی اجناس دیگر ضروریات زندگی پرمبنی سامان کے کنٹینرز بھیجے۔انہوں نے دریافت کیا کہ کیا سونامی کے متاثرین کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے امدادی سامان اس لئے بھیجا گیا تھا کہ متاثرہ ممالک جواب میں ایم کیوایم کی مدد کریں گے؟۔انہوں کہا کہ جب صوبہ سرحد اور آزادکشمیر میں قیامت خیز زلزلہ آیا تو ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے متاثرین کیلئے ساڑھے تین ارب روپے مالیت کا امدادی سامان بھیجا گیا، چھ ماہ تک ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان شدید سردی اور خراب موسم کی پرواہ کئے بغیر مصیبت زدہ خاندانوں کی خدمت کرتے رہے۔انہوں نے کارکنان سے دریافت کیا کہ جتنے بڑے پیمانے پر ایم کیوایم نے زلزلہ سے متاثرہ خاندانوں کیلئے امدادی سرگرمیاں کی ہیں کیا پاکستان کی 60 سالہ تاریخ میں کسی اور جماعت نے اس طرح امدادی سرگرمیاں کیں؟ اس موقع پر کارکنان نے جواب دیا بالکل نہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ بلوچستان اور تھر میں قحط سالی ہو لیکن راستے دشوار گزار ہونے کے باوجود ایم کیوایم کے کارکنان جان ہتھیلی پر رکھ کر قحط زدہ لوگوں تک خوراک پہنچاتے رہے، سرحد، پنجاب، بلوچستان میں سیلاب کی تباہ کاریاں ہوں تو خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکار اور ایم کیوایم کے کارکنان امدادی سامان کے ہمراہ 24، گھنٹے کے نوٹس پر متاثرہ علاقوں میں پہنچ جاتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اللہ تعالیٰ حقوق اللہ ادا نہ کرنے والوں کو معاف کردیتا ہے لیکن حقوق العباد کی ادائیگی کرنے والوں کو اس وقت تک معاف نہیں کرتا جب تک حقوق سے محروم فرد معاف نہ کردے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا بنیادی مقصد انسانیت کی خدمت کیونکہ انسانوں کی اعانت کرنا سب سے بڑی عبادت ہے۔انہوں نے کہا کہ کوئی دیکھے یا نہ دیکھے لیکن ایم کیوایم کی فلاحی سرگرمیوں کو اللہ تعالیٰ دیکھ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیاں عوامی عطیات سے جاری ہیں اور عوام بالخصوص مخیّر حضرات خدمت خلق فاؤنڈیشن سے جتنا تعاون کریں گے یہ ادارہ دکھی انسانیت کی اتنی ہی زیادہ بھرپور انداز میں خدمت کرے گا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام ساتھیوں کا فرض بنتا ہے کہ چرم قربانی کے حصول کیلئے زیادہ سے زیادہ محنت لگن سے کام کریں، عوام کے پاس جاکر انہیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں سے آگاہ کریں اور اپنے عمل وکردار سے عوام کو قائل کریں تاکہ وہ رضاکارانہ طور پر قربانی کے جانوروں کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں۔انہوں نے کہا کہ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیبؐ کے صدقے اس خدمت کے ادارے کو قائم رکھے اور یہ ادارہ دکھی انسانیت کی اسی طرح خدمت کرتا رہے۔

## الطاف حسین نے انسانیت کی خدمت کو سیاست کا محور بنا رکھا ہے، مقررین
## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے اجلاس سے ڈاکٹر فاروق ستار، شیخ لیاقت حسین اور شعیب بخاری کا خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)08دسمبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت چرم قربانی کے حصول کیلئے ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنوں اور فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے انسانیت کی خدمت سیاست کا محورا کو بنا رکھا ہے اور ایم کیوایم اپنی بساط سے بڑھ کر دکھی انسانیت کی عملی خدمت میں مصروف ہے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں منعقدہ اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا نظریہ ملک بھر کے مظلوم عوام کیلئے ہے اور اس نظریہ کو رنگ ونسل، زبان، مسلک، مذہب کی تفریق اور علاقائی حدود میں قید نہیں کیا جا سکتا۔انہوں نے کہا کہ آئندہ عام انتخابات میں ایم کیوایم کے حق پرست امیدوار ایک مرتبہ پھر عوام کے ووٹوں سے کامیاب ہوکر ملک بھر کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر اور رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز شیخ لیاقت حسین نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی عوامی خدمات ملک بھر کے عوام کے سامنے ہیں اور ملک بھر کے عوام جانتے ہیں کہ اس ادارے نے مصیبت کی ہر گھڑی میں اپنے بھائیوں کی مدد کیلئے بھر پور کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کو ملنے والی زکواۃ، فطرہ اور قربانی کی کھالوں سے حاصل ہونے والی رقم کو اسلامی تعلیمات کے مطابق ضرورتمندوں پر خرچ کیا جاتا ہے اور کے کے ایف کو حاصل ہونے والے عطیات کا باقاعدہ آڈٹ کرایا جاتا ہے۔رابطہ کمیٹی کے رکن و کے کے ایف کے ٹرسٹی شعیب بخاری نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے اپنے کارکنان کو ہمیشہ دکھی انسانیت کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت کا درس دیا ہے اور ایم کیوایم کے کردار وعمل سے متاثر ہوکر پاکستان کی تمام قومیتوں اور مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کر رہے ہیں۔

## ایم کیوایم کے کارکنوں اور کے کے ایف کے رضا کاروں کو الطاف حسین کا خراج تحسین

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)08دسمبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گزشتہ سال ریکارڈ توڑ قربانی کی کھالیں جمع کرنے پر ایم کیوایم کے کارکنوں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ہفتے کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں کارکنوں اور کے کے ایف کے رضا کاروں کے ایک بڑے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کارکنوں اور رضا کاروں بالخصوص خواتین کارکنان نے دن رات محنت ولگن سے کام کرتے ہوئے قربانی کی کھالیں ریکارڈ تعداد میں جمع کیں جس پر وہ زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔

## ایم کیوایم خالصتاً انسانیت کے جذبے کے تحت کام کرتی ہے، الطاف حسین

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)08دسمبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کی سیاست کا مقصد عوام کی خدمت ہے اور ایم کیوایم دکھی انسانیت کی بے لوث عملی خدمت کر رہی ہے۔ہفتے کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور ایم کیوایم کے کارکنوں کے ایک بڑے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ برسوں سونامی نے کئی ممالک میں تباہی مچائی اور ایران میں تباہ کن زلزلہ آیا تو ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے وہاں بھی امدادی سامان بھیجا اور انسانیت کی بنیاد پر مصیبت زدہ خاندانوں کی عملی مدد کی تھی جو اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم انسانیت کی خدمت خالصتاً انسانیت کے جذبے کے تحت کرتی ہے

## پریس کانفرنس

## متحدہ قومی موومنٹ نے صوبہ پنجاب، سرحد اور بلوچستان سے عام انتخابات میں نامزد حتمی امیدواروں کا اعلان کر دیا

کراچی۔۔۔8، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ نے سندھ کے بعد اب پنجاب، سرحد اور بلوچستان سے آئندہ عام انتخابات میں حصہ لینے والے اپنے نامزد حق پرست امیدواروں کے ناموں کا اعلان کر دیا ہے۔اس سلسلے میں ہفتہ کے روز تینوں صوبائی دارالحکومتوں میں متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماؤں نے پریس کانفرنسیں منعقد کیں اور پریس کے سامنے ان کے ناموں کا اعلان کیا۔لاہور میں رابطہ کمیٹی کے رکن وسینیٹر بابر خان غوری نے پنجاب سے قومی اسمبلی کی 45، صوبائی اسمبلی کی 52، قومی اسمبلی میں خواتین کی مخصوص نشستوں پر 4، خواتین کی صوبائی اسمبلی کی مخصوص نشستوں پر 4 اور اقلیتی نشست پر ایک امیدوار کا اعلان کیا۔سرحد میں نامزد امیدواران قومی اسمبلی عبدالوسیم، شمیم صدیقی، سینیٹر احمد علی نے قومی اسمبلی کی 12 اور صوبائی اسمبلی کی 14 اور کوئٹہ میں حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے قومی اسمبلی کی 6، صوبائی اسمبلی کی 16 مخصوص نشست برائے خواتین پر 1 اور اقلیتی نشست پر 2 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا عزم تھا کہ وہ پورے ملک سے دیانتدار، ایماندار اور باکردار امیدوار آئندہ انتخابات میں سامنے لائے گی لہٰذا آج ان کے ناموں کا اعلان کیا جارہا ہے۔یہ امیدواران اپنے اپنے علاقوں میں اچھی شہرت کے حامل ہیں اور اعلیٰ خاندانی پس منظر رکھتے ہیں اور یہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت، ان کی فکر، مقصد، مشن اور پروگرام کے مطابق عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے۔

انہوں نے پنجاب، سرحد اور بلوچستان کی عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک کے فرسودہ جاگیردارانہ اور خان وخوانین اور چودھرانہ نظام کے خاتمے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست نمائندوں کو بھاری تعداد میں ووٹ دیکر کامیاب کریں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی پوری قیادت دیگر ذمہ داروں وکارکنان اور ہمدرد ملک کے غریب متوسط اور کچلے ہوئے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ، خان وخوانین اور سردارانہ نظام سے نہ صرف چھوٹکارا حاصل کرنا چاہتے ہیں بلکہ اس مقصد کے حصول کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں جہدِ مسلسل میں مصروف عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں عوام کی بہت بڑی اکثریت بھی غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھتی ہے اور سرداروں کے آمرانہ وظالمانہ نظام کے خاتمے کے خواشمند ہیں یہی وجہ ہے کہ جب متحدہ قومی موومنٹ نے اپنی حق پرستی کی تحریک کا آغاز کیا اور قائد تحریک الطاف حسین بھائی کا پیغام حق پرستی ان کی فکر مقصد مشن اور پروگرام سے آگاہ کیا اور تحریکی سرگرمیاں ملک بھر میں شروع کی تو ہمیں یہاں کے عوام کی جانب سے زبردست پذیرائی ملی اور عوام کی ایک بڑی تعداد متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہوکر اس جدوجہد کا حصہ بن گئی۔

## متحدہ قومی موومنٹ کا ووٹ بینک پہلے سے زیادہ مستحکم ومضبوط ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار

کراچی۔۔۔8، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 249 سے نامزد امیدوار ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کا ووٹ بینک پہلے سے زیادہ مستحکم ومضبوط ہے اور اس میں اضافہ ہوا ہے ایم کیوایم 2008ء کے انتخابات میں ملک بھرپور سے کامیابی حاصل کریگی، ہمیں عوام پر پورا اعتماد ہے اور ہم 98 فیصد عوام کی مکمل حمایت سے ایک بار پھر عوامی منشور لیکر سیاسی میدان میں آئے ہیں، حق پرست قیادت نے صوبے اور شہر کی ترقی کیلئے جو مثالی خدمات انجام دی ہیں ان کی پذیرائی بین الاقوامی سطح پر بھی کی جارہی ہے، آج کراچی بھی تیز رفتاری سے ترقی کرنیوالے ٹاپ 12 شہروں کی صف میں شامل ہے۔وہ نیومیمن مسجد بولٹن مارکیٹ میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد عوامی اجتماع سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہری حکومت کی حق پرست قیادت نے کراچی جبکہ صوبائی حکومت کی حق پرست قیادت نے صوبے بھر میں ترقیاتی انقلاب برپا کر دیا ہے پچھلے دور میں امن وامان کے قیام کیلئے ترجیحی بنیادوں پر کام ہوئے ہیں جس کی بدولت سرمایہ کاری کو فروغ ملا، کاروبار کے نئے مواقع میسر آئے اور بے روزگاری کے منہ زور گھوڑے کو لگام ڈالی گئی۔انہوں نے کہا کہ ہم یہ دعویٰ نہیں کرتے کہ ہم نے تمام مسائل حل کر دیئے ہیں تاہم یہ امر ہمارے لئے ضرور باعث مسرت ہے کہ حق پرست قیادت نے عوام کی بلاتفرق رنگ ونسل بے لوث خدمت کی ہے اور پچھلے برسوں میں عوام کی بنیادی مسائل کے حل کیلئے وہ اقدامات کئے جو گذشتہ 50 برسوں میں بھی نہیں ہوئے تھے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ آنیوالے انتخابات میں بھی عوام حق پرستوں پر مکمل اعتماد کرکے ترقی کے اس سفر کو مزید تیز کریں گے۔اس موقع پر عوام نے ڈاکٹر فاروق ستار کی توجہ مختلف علاقائی مسائل کی جانب مبذول کرائی جس پر ڈاکٹر فاروق ستار نے جلد از جلد ان مسائل کے حل کی یقین دہائی کرائی۔دوران گفتگو عوام نے انہیں اپنی مکمل حمایت اور تعاون کا یقین دلایا۔صوبائی اسمبلی حلقہ پی ایس 110 سے نامزد حق پرست امیدوار شعیب ابراہیم بھی اس موقع پر ان کے ہمراہ تھے۔

## ایم کیوایم، نظام مصطفیٰ پارٹی، پاکستان سنی موومنٹ اور جماعت اہلسنت کے درمیان آئندہ انتخابات میں شہر اور صوبے کی فضاء پرامن رکھنے کیلئے مشترکہ کوششوں پر اتفاق

## ڈاکٹر فاروق ستار، علامہ شاہ تراب الحق قادری اور حاجی محمد حنیف طیب کی ملاقات

## ایم کیوایم عوام کی بلاامتیاز خدمت کررہی ہے۔شاہ تراب الحق، حق پرست قیادت نے شاندار ترقیاتی کام کئے ہیں۔حنیف طیب

کراچی۔۔۔8، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ، نظام مصطفیٰ پارٹی، پاکستان سنی موومنٹ اور جماعت اہلسنّت نے آئندہ عام انتخابات میں شہر اور صوبے کی فضاء پرامن رکھنے کیلئے مشترکہ کوششوں پر اتفاق کیا ہے، گذشتہ روز جماعت اہلسنّت کراچی کے امیر علامہ شاہ تراب الحق قادری کی رہائشگاہ پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، پاکستان سنی موومنٹ کے چیئرمین سراج الحق اور نظام مصطفیٰ پارٹی کے صدر سابق وفاقی وزیر حاجی محمد حنیف طیب نے ملاقات کی۔ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار نے واضح کیا کہ عام انتخابات کے حوالے سے صرف وہی جماعتیں بائیکاٹ کی باتیں کررہی ہیں جنکی جڑیں عوام میں نہیں ہیں ان جماعتوں نے عوام کے اعتماد کو بار بار ٹھیس پہنچائی ہے اسلئے یہ لوگ اب عوام کے پاس جانے سے کترا رہے ہیں۔انہوں نے قیام امن کے حوالے سے علماء اور مشائخ کے کردار کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ نشتر پارک کے بعد علماء خصوصاً علمائے اہلسنّت نے شہر کا امن قائم رکھنے کے حوالے سے قابل قدر خدمات انجام دی ہیں جنہیں سب احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں اس موقع پر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ حق پرست قیادت نے شہر اور صوبے کی ترقی کیلئے شاندار ترقیاتی کام کئے ہیں۔علامہ شاہ تراب الحق قادری نے متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے صوبے خصوصاً کراچی میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے حوالے سے کی جانے والی کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم واقعی عوام کی بلاامتیاز خدمت کررہی ہے۔پاکستان سنی موومنٹ کے چیئرمین شاہ سراج الحق نے کہا کہ حق پرست قیادت عوام کی صحیح نمائندگی کررہی ہے اس کے دور میں صوبے میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی فروغ پارہی ہے۔اس موقع پر تمام رہنماؤں نے طے کیا کہ صوبے خصوصاً کراچی میں امن وامان کی صورتحال بہتر رکھنے کیلئے ہر جماعت اپنا بھرپور کردار ادا کریگی تاکہ آئندہ عام انتخابات کا عمل آزادانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف طریقے سے پائے تکمیل تک پہنچے۔

## ایم کیوایم کے تحت کل کراچی سمیت ملک بھر میں یوم شہداء منایا جائیگا، حق پرست شہداء کی یاد میں قرآن وفاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا

کراچی۔۔۔8، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید سمیت ایم کیوایم کے پندرہ ہزار سے زائد شہید کارکنان کی برسی کے موقع پر شہداء کی یاد میں ایم کیوایم کے زیراہتمام اتوار 9 دسمبر کو کراچی سمیت ملک بھر میں یومِ شہداء بھرپور عقیدت واحترام سے منایا جائے گا جس میں یومِ شہداء کے سلسلے میں ناصر حسین شہید، عارف حسین شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی جائیگی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا جائیگا۔یومِ شہداء کے سلسلے میں مرکزی اجتماع لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا جبکہ سندھ کے 19 شہروں حیدرآباد، سکھر، میرپورخاص، نوابشاہ، سانگھڑ، شکارپور، کشمور، خیرپور، کھوکی، نوشہروفیروز، لاڑکانہ، دادو، بدین، ٹھٹھہ، قمبر شہدادکوٹ، ٹنڈوالہ یار، جیکب آباد، عمرکوٹ، جامشورو میں بھی قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔سندھ کی طرح صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، آزاد کشمیر اور اسلام آباد میں صوبائی دفاتر میں بھی یوم شہداء کے سلسلے میں قرآن وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد جائینگے۔

## پاکستان میں مقیم کشمیری عوام اپنا قیمتی ووٹ ایم کیوایم کے امیدواروں کے حق میں استعمال کریں
## آزادکشمیر اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کی اپیل

اسلام آباد۔۔۔8، دسمبر 2007ء

آزادکشمیر قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر نے پاکستان میں مقیم کشمیریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ آئندہ انتخابات میں اپنے قیمتی ووٹ کا استعمال ایم کیوایم کے امیدواروں کے حق میں کریں۔ایک بیان میں محمد طاہر کھوکھر نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ جاگیردارانہ نظام اور ناانصافیوں کے خاتمے کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور آئندہ انتخابات میں ایم کیوایم نمایاں اور بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کریگی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ہی وہ جماعت ہے جو بلاتفریق عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور اس جماعت میں ذاتی مفادات کی بجائے اجتماعی مفادات کو ترجیح دی جاتی ہے۔محمد طاہر کھوکھر نے کہا کہ کشمیری عوام سمیت دیگر قومیتوں، برادریوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے عوام آزمائے ہوئے سیاست دانوں کو آزمانے کے بجائے اپنے ضمیر کی آواز پر لبیک کہیں اور اپنا حق رائے دہی ایسی جماعت کے حق میں استعمال کریں جو ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بار بار آزمائے ہوئے سیاستدانوں کو دوبارہ آزمانا عقلمندی نہیں لہٰذا عوام ترقی وخوشحالی کے سفر کو جاری رکھنے کیلئے ایم کیوایم کے حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں تاکہ وہ منتخب ایوانوں میں پہنچ غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی نمائندگی کرسکیں اور ملک کی تقدیر کو بدلنے میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

## بن قاسم ٹاؤن صوفن گوٹھ کی گبول برادری کے 50 بزرگوں اور نوجوانوں کی اہل خانہ سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔8، دسمبر 2007ء

بن قاسم ٹاؤن یوسی 7 گھگھر کے صوفن گوٹھ کی گبول برادری کے 50 بزرگوں اور نوجوانوں نے اپنے اہل خانہ سمیت ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت صوفن گبول گوٹھ میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں گوٹھ کے نوجوانوں، بزرگوں کی بڑی تعداد کے علاوہ آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج عبدالخالق بلوچ، اراکین یوسف منیر شیخ اور فرخ اعظم نے شرکت کی۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والوں میں محمد جمن گبول، علی محمد گبول، اللہ واریو گبول، صدیق گبول، منور بخش گبول، مزار خان گبول، صومار گبول، خان محمد گبول، دوست محمد گبول، بیگ محمد گبول، قیوم گبول سائیں داد گبول، گنور گبول، عبدالرحمٰن گبول، عبدالحکیم گبول، غلام مصطفیٰ گبول، عبدالرزاق گبول، پیر محمد گبول اور اسماعیل گبول و دیگر شامل ہیں۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبدالخالق بلوچ نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور پیغام حق پرستی نے ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام میں انقلابی شعور بیدار کردیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ سندھ کے غیور اور باشعور عوام نے الطاف حسین کے نظریہ اور فلسفے سے متاثر ہوکر سندھ دھرتی کے اصل سجن ودشمن میں تمیز کرنا شروع کردی ہے۔انہوں نے کہا کہ سیاست برائے خدمت متحدہ قومی موومنٹ کا نصب العین ہے اور متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جو عوامی خدمت کا منشور لیکر میدان سیاست میں آئی ہے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین یوسف منیر شیخ اور فرخ اعظم نے کہا کہ ملک اس وقت نازک دور سے گزررہا ہے گزشتہ 60 برس سے ملک میں جاری اقتدار کی رسہ کشی سے ملک کو شدید نقصان پہنچا ہے اور اب جو جماعتیں الیکشن کے بائیکاٹ کی دھمکیاں دے رہی ہیں وہ درحقیقت راہِ فرار اختیار کررہی ہے۔انہوں نے صوفن گوٹھ کی گبول برادری کے نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیرمقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ کا انتخابی منشور آئندہ چند روز میں جاری کر دیا جائے گا

## منشور کی تیاری کا کام آخری مراحل میں ہے۔منشور کمیٹی نے مسودہ رابطہ کمیٹی کو پیش کر دیا

کراچی۔۔۔8،دسمبر 2007ء

انتخابات 2008ء کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے انتخابی منشور کی تیاری آخری مراحل میں ہے۔اس مقصد کیلئے بنائی گئی منشور کمیٹی نے طویل صلاح مشورے کے بعد اپنا حتمی مسودہ رابطہ کمیٹی کو پیش کر دیا ہے۔منشور کمیٹی کی تیاری کے سلسلہ میں مختلف ماہرین،ٹیکنو کریٹس اور زندگی کے مختلف شعبہ ہائے زندگی کے افراد سے مشورے کئے۔منشور کمیٹی کی جانب سے پیش کئے جانے والے مسودے پر رابطہ کمیٹی غور کر رہی ہے اور اسے حتمی شکل دی جا رہی ہے جس کے بعد متحدہ قومی موومنٹ کا انتخابی منشور آئندہ چند روز میں جاری کر دیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆